نہم لاہور بورڈ 2012

سوکس — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر: 60

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) ایف جے گولڈ نے علم شہریت کی کیا تعریف کی ہے؟

(ii) بین الاقوامی تعاون میں علم شہریت کا کردار کیا ہے؟

(iii) علم شہریت شہریوں کی سیاسی تربیت کیسے کرتا ہے؟

(iv) علم شہریت کی معاشیات سے کیا مماثلت ہے؟

(v) اقتدار اعلیٰ سے کیا مراد ہے؟

(vi) ذرائع ابلاغ میں کمپیوٹر کا کیا کردار ہے؟

(vii) اسلامی ریاست سے کیا مراد ہے؟

(viii) اسلامی ریاست میں دولت کی منصفانہ تقسیم مختصراً تحریر کیجئے۔

(ix) اسلامی ریاست میں شہریوں کی کتنی اقسام ہیں؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) اچھا نظام حکومت اور فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟

(ii) آمریت میں فوری فیصلے کیسے مفید ثابت ہوتے ہیں؟

(iii) کیا حکومت کے تینوں شعبے ایک دوسرے کی مداخلت سے آزاد ہیں؟

(iv) انتظامیہ کا کیا فریضہ ہوتا ہے؟

(v) مواخذہ کسے کہتے ہیں؟

(vi) حق استرداد سے کیا مراد ہے؟

(vii) جمہوری اقدار کا فروغ کیوں ضروری ہے؟

(viii) کیا جمہوریت آمریت سے بہتر ہے؟

(ix) آرڈی نینس کیا ہوتا ہے؟

www.ilmkidunya.com

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھئے: 12

(i) ثقافتی ورثہ کی منتقلی میں خاندان کیسے مدد کرتا ہے؟

(ii) آپ دیہی کمیونٹی کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

(iii) معاشرہ کس طرح سے انسان کو تحفظ زندگی فراہم کرتا ہے؟

(iv) قومیت کسے کہتے ہیں؟

(v) وہ کونسی خوبیاں ہیں جن پر امت مسلمہ کی بنیاد ہے؟

(vi) تخلیق کار اور ذہین افراد کسی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں مختصر وضاحت کیجئے۔

(vii) مدینہ میں کس بنیاد پر عوام کو حقوق دیئے جاتے تھے؟

(viii) ہندوستان میں مسلمانوں سے کیا برتاؤ کیا جاتا ہے؟

(ix) کسی ملک کے لئے تعلیم کی کیا اہمیت ہوتی ہے مختصر وضاحت کیجئے۔

(حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھئے۔

-5 علم شہریت کی تعریف کیجئے اور اس کی اہمیت بیان کیجئے۔

-6 خاندان کی اہمیت و فرائض بیان کیجئے۔

-7 ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

-8 اسلامی حکومت کے فرائض بیان کیجئے۔

-9 شہری کی تعریف کیجئے۔ شہری کے قدیم تصور کی وضاحت کیجئے۔